BRAMPTON **Service and Information Update**

# کووِڈ-19 کی عالمی وباء کے دوران برامپٹن میں سِوِک ہالیڈے 2021 کا انعقاد

برامپٹن، آن (28 جولائی 2021) – اس سال سوک ہالیڈے بروز پیر، 2 اگست کو منائی جا رہی ہے۔ اس دن سٹی آف برامپٹن کی سروسز کے بارے میں یہاں پر آپ کی دلچسپی کی معلومات دی گئی ہے۔

تمام ضروری اور فوری نوعیت کی خدمات، بشمول فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، ٹریفک سروسز، بائی لاء انفورسمنٹ، روڈ آپریشنز، سیکورٹی سروسز، ہماری کمیونٹی کو معاونت فراہم کرنے کے لیے معمول کے مطابق اپنا کام جاری رکھیں گی۔

کسی بھی قسم کی انکوائری کے لیے رہائشی 311 پر یا 905.874.2000 (برامپٹن کے باہر سے) پر کال کر سکتے ہیں اور اس کے علاوہ برامپٹن 311 ایپ (ایپ اسٹور یا گوگل پلے پر دستیاب ہے) استعمال کر سکتے ہیں، www.311brampton.ca ملاحظہ فرما سکتے ہیں یا بذریعہ ای میل 311@brampton.ca بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ ہم سٹی آف برامپٹن یا ریجن آف پیل کے ہر قسم کے معاملات کے لیے 24/7 دستیاب ہیں۔ کووڈ-19 کے حوالے سے استفسارات کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں۔

**فائر ورکس کی سیفٹی**

سٹی آف برامپٹن سِوِک ہالیڈے پر آتش بازیوں کے کسی بھی قسم کے مظاہروں کا انعقاد نہیں کرے گا اور نجی طور پر بھی کوئی اجازت نہیں دی جائے گی۔

سوک ہالیڈے سال کے ان چار دنوں میں شامل نہیں ہے جن کے دوران برامپٹن میں ذاتی آتش بازیاں چلانے کی اجازت ہوتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، www.brampton.ca/bylaws ملاحظہ کریں۔

**برامپٹن ٹرانزٹ**

برامپٹن ٹرانزٹ، سِوِک ہالیڈے پر اتوار/چھٹی کے شیڈول کے مطابق کام کرے گی لیکن کچھ روٹس منسوخ کر دیے گئے ہیں۔ درج ذیل روٹس سروس فراہم کریں گے:

- 501 زوم کوئین
- 502 زوم مین
- 505 زوم بوویرد
- 511 زوم سٹیلز
- 1 کوئین
- 2 مین
- 3 مک لافلن
- 4 چنگواکوسی
- 5 بوویرد
- 7 کینیڈی
- 8 سنٹر
- 11 سٹیلز
- 14 ٹوربریم
- 15 برامیلا
- 18 ڈکسی
- 23 سینڈل ووڈ
- 29 ولیمز
- 30 ایئرپورٹ روڈ
- 35 کلارک وے
- 50 گور روڈ
- 52 میک مرچی

- 53 رے لاسن
- 56 کنگ نول
- 57 شیرولیس
- 115 پیئرسن ایئرپورٹ ایکسپریس

سِوک ہالیڈے کے موقع پر ٹرمینلز پر موجود کسٹمر سروس کاؤنٹرز بند رہیں گے۔ کنٹیکٹ سنٹر صبح 7 تا شام 9 بجے تک معاونت کے لیے دستیاب رہے گا۔ مزید معلومات کے لیے کنٹیکٹ سنٹر کو 905.874.2999 پر کال کریں یا www.bramptontransit.com ملاحظہ فرمائیں۔

صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کی اضافہ شدہ کاروائیاں بدستور جاری رہیں گی۔ برامپٹن ٹرانزٹ نے تمام ٹھوس سطحوں، آپریٹر کے کمپارٹمنٹس اور سیٹوں کو ہر 48 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کرنے کا ہدف مقرر کیا ہوا ہے۔ زیادہ تر بسوں کو ہر 24 گھنٹے کے بعد جراثیم سے پاک کیا جا رہا ہے۔ جبکہ سہولت گاہوں اور ٹرمینلز کی ٹھوس سطحوں کی صفائی اور جراثیم سے پاک کرنے کا کام روزانہ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔

سٹی مسافروں پر زور دیتا ہے کہ وہ ٹرمینلز اور بس اسٹاپس اور یہاں تک کہ ماسک پہنتے ہوئے بھی جتنی ممکن ہو جسمانی فاصلہ بندی برقرار رکھیں۔ مسافروں کو اس بات کی بھی یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ سفر کرتے ہوئے اپنی ذاتی جراثیم کش، مثلًا ہینڈ سینیٹائزر یا وائپس اپنے ساتھ رکھیں، کثرت سے اپنے ہاتھ دھوئیں اور اپنی کہنی میں کھانسیں یا چھینکیں۔ اگر آپ بیمار ہوں، تو براہ کرم ٹرانزٹ پر سفر کرنے سے گریز کریں، قریب ترین کووِڈ-19 اسیسمنٹ سائیٹ سے ٹیسٹ کروائیں اور پبلک ہیلتھ کی ہدایات پر عمل کریں۔

باقاعدہ اپ ڈیٹس کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں اور سروس اپ ڈیٹس کے لیے www.bramptontransit.com پر جائیں یا ہمیں ٹوئٹر @bramptontransit پر فالو کریں۔ کسی قسم کے سوالات برامپٹن ٹرانزٹ کے کنٹیکٹ سنٹر سے 905.874.2999 پر پوچھے جا سکتے ہیں۔

**برامپٹن پارکس**

برامپٹن کے تمام ٹریلز، کھیلوں کے میدان اور پارکس بشمول آف لِیش ڈاگ پارکس سِوک ہالیڈے کے موقع پر کھلے رہیں گے۔ جسمانی سرگرمی ہم سب کی صحت اور تندرستی کے لیے اہم ہوتی ہے۔ ہمارے پارکس اور ٹریلز کے بارے میں جاننے کے لیے، براہ کرم www.brampton.ca/parks ملاحظہ کریں۔

**برامپٹن ریکریئیشن**

سِوک ہالیڈے کے دوران سٹی آف برامپٹن کے منتخب شدہ ریکریئیشن سنٹر، محدود پروگراموں اور سروسز کے لیے کھلے رہیں گے۔ وزٹس، بشمول فٹنیس، تیراکی، اسکیٹنگ اور عمومی دلچسپی کی دیگر سرگرمیوں میں رجسٹریشن اور بکنگ کے لیے ایک ریزرویشن سسٹم دستیاب ہے

اپنی فیملی کے ہمراہ آؤٹ ڈور سہولیات سے لطف اندوز ہونے کے علاوہ پارک کلاسوں میں مفت فٹنیس، پروفیسرز لیک بیچ اور باتھ ہاؤس اور آؤٹ ڈور سپلیش پیڈز کے بارے میں معلومات کے لیے www.brampton.ca/summerfun ملاحظہ کریں۔

ورچوئل پروگراموں اور سروسز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم www.brampton.ca/recathome ملاحظہ کریں۔

**برامپٹن لائبریری**

سِوک ہالیڈے کے موقع پر برامپٹن لائبریری کی تمام شاخیں بند رہیں گی۔

کسی بھی وقت برامپٹن لائبریری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں اور آن لائن براؤزنگ سے استفادہ حاصل کریں اور اس کے علاوہ ای بکس، ای آڈیو بکس، ٹی وی اور مووی اسٹریمنگ، آن لائن لرننگ، فنون اور دستکاری کی ہدایات تک رسائی حاصل کریں اور یہ سب کچھ آپ کے لائبریری کارڈ کے ذریعے مفت ہے۔

لائبریری کارڈ حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم یہاں کلک کریں۔ تمام شاخوں میں موجود 24 گھنٹے بیرونی ڈراپ باکسِز کے ذریعے مستعار لیے ہوئے مواد کی واپسی کی آسان سہولت سے لطف اٹھائیں۔ رجسٹر کریں اور کیلنڈر آف ایونٹس پر ہمارے ورچوئل پروگراموں میں شرکت کی منصوبہ بندی کریں اور ویڈیوز سے لطف اٹھائیں، بشمول برامپٹن لائبریری یوٹیوب صفحہ پر ہفتہ وار ورچوئل سٹوری ٹائمز۔

آئیں رابطہ بڑھاتے ہیں! ہماری ای میل اپ ڈیٹس اور نیوز لیٹر کے لیے سبسکرائب کریں اور ہمیں فالو کریں فیس بک، ٹوئٹر، انسٹاگرام، لِنکڈ ان اور یوٹیوب پر۔

برامپٹن لائبریری کو یہ تصدیق کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ہماری فور کارنرز، سائرل کلارک، چنگواکوسی اور سپرنگ ڈیل شاخیں، محدود سروسز کی فراہمی کے لیے دوبارہ کھول دی گئی ہیں۔ گور میڈوز، ماؤنٹ پلیزنٹ ویلج، ساؤتھ فلیچرز اور ساؤتھ ویسٹ برانچ لائبریریاں ابھی بھی کرب سائیڈ پک اپ کی خدمات فراہم کر رہی ہیں۔ تفصیلات کے لیے، براہ کرم ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں۔

**برامپٹن اینیمل سروسز**

برامپٹن اینیمل شیلٹر سوک ہالیڈے پر بند رہے گا۔

اینیمل کنٹرول پیر تا جمعہ صبح 7 تا رات 10 بجے تک اور بروز ہفتہ اور اتوار اور چھٹیوں کے دنوں میں دن 8 تا شام 6:30 بجے تک سڑکوں پر موجود ہوتا ہے اور صرف درج ذیل کالوں پر ردعمل دے گا:

- بیمار/زخمی/جارحانہ گھریلو جانور اور جنگلی جانور کے اٹھانے کے لیے
- جارحانہ جانور
- آزاد بھاگنے والا کتا
- کتے کے کاٹنے کی تحقیق
- پکڑے جانے والے آوارہ کتے کو اٹھانا
- کسی مردہ جانور کو اٹھانا

اس اوقات کے علاوہ، اینیمل کنٹرول صرف ہنگامی حالات کا ردعمل دے گا۔

**سِوک ہالیڈے کے حوالے سے پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے یاددہانیاں**

ویکسین لگانے کا عمل جاری ہے اور متاثرہ مریضوں کی تعداد میں بھی کمی واقع ہو رہی ہے، مگر یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ صحت عامہ کے اقدامات، کووڈ-19 کے خلاف اب بھی ہمارا بہترین دفاع ہیں۔ دوبارہ کھولنے کے لیے اپنے روڈ میپ ٹو ری اوپن کے مرحلہ 3 کے دوران صوبائی رہنماء ہدایات پر عمل پیرا ہوتے ہوئے لانگ ویک اینڈ کے دوران ایک دوسرے کا خیال رکھیں ہمیشہ کی طرح، براہ کرم یاد رکھیں:

- اگر آپ کی طبعیت ناساز ہو، تو گھر پر رہیں یا ٹیسٹ کرائیں
- 2 میٹر کے فاصلے پر رہیں
- اپنے ہاتھ دھوئیں
- مناسب سائز کا ماسک پہنیں
- ویکسین لگوائیں

-30-

**سٹی آف برامپٹن میڈیا کنٹیکٹ**
پرابجوت کینتھ
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Prabhjot.Kainth@brampton.ca

**ریجن آف پیل میڈیا کنٹیکٹ**
ایشلے ہاکنز
کمیونیکشنز اسپیشلسٹ – پبلک ہیلتھ
ریجن آف پیل
416.818.4421 | ashleigh.hawkins@peelregion.ca